بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ اوّل

بحمداللہ اعلان کے مطابق مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے زیرِ اہتمام پانچویں محاضراتِ قرآنی کا چار روزہ پروگرام مؤرخہ ۲۵، مارچ تا ۲۸، مارچ بخیر و خوبی مکمل ہوا۔ قارئینِ 'حکمت قرآن' میں سے جو حضرات ان محاضرات میں شریک ہوئے انہوں نے مشاہدہ کیا ہوگا کہ ان چار دنوں میں لاہور کے جناح ہال کے اندر اور جوانب و اطراف میں محاضراتِ قرآنی کی وجہ سے نہایت روح پرور اور ایمان افروز سماں بندھا رہتا تھا۔ چونکہ محاضرات نمازِ مغرب کے فوراً بعد منعقد ہوئے اس لئے سامعین کی ایک کثیر تعداد جناح ہال پہنچ کر باہر سبزہ زار میں نمازِ مغرب باجماعت ادا کرتی تھی۔ ان محاضرات کی ایک امتیازی خصوصیت یہ رہی کہ طبع شدہ پروگرام کے تمام مقررین اور مقالہ نگار حضرات نے حصہ لیا اور اپنے انتہائی وقیع، علمی مقالات حاضرین کے سامنے پیش کئے۔ پہلے تین دن اجلاس کی صدارت مولانا سعید احمد اکبر آبادی مدظلہٗ نے کی، جنہوں نے اپنے صدارتی خطبات میں بہت ہی قیمتی اور دینی فہم و بصیرت سے معمور باتیں سامعین کے گوش گزار کیں۔ ان محاضرات میں پیش کئے گئے مقالات انشاء اللہ جستہ جستہ رسالہ ہٰذا کے شماروں میں شائع کر دیئے جائیں گے

۲۹، مارچ کو بعد نماز عصر قرآن اکیڈمی میں مرکزی انجمن خدام القرآن کا سالانہ اجلاس منعقد ہوا۔ وابستگانِ انجمن لاہور کے علاوہ باہر کے مقامات کے چند حضرات بھی آکر شریک ہوئے۔ اس اجلاس کی نوعیت زیادہ تر رسمی اور قانونی ہوتی ہے۔ اس سال انجمن کی مجلس منتظمہ کے اراکین کا انتخاب بھی ہونے تھا جو سابقہ روایات اور دستوری قوانین کے مطابق انجام پائے۔ اس موقع پر انجمن کے صدرِ مؤسس برادرِ گرامی ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے انجمن کے مقاصد اور ان کے حصول میں کی جانے والی مساعی پر مبنی خطاب بھی کیا۔

اگلے شمارے سے انشاء اللہ "انتخاب حدیث" کے عنوان سے ایک مستقل تحریر شاملِ اشاعت کی جائے گی۔ جسے قرآن اکیڈمی کے رفیق برادرم ریاض الحق صاحب ترتیب دیں گے۔ توقع ہے کہ قارئین اسے مفید پائیں گے۔ والسّلام! الصا ہادھر عفی عنہٗ